Rec حوالہ: 2020.0236 IRAS ID: 286347

**شرکت کرنے والے کا معلوماتی پرچہ (PIS)**

**حصہ 1**

**مطالعہ کا عنوان:** نوعمر اور بالغ تارکینِ وطن اور سیاہ فام، ایشیائی اور اقلیتی نسلی (BAME) گروہوں میں UK کی جنرل پریکٹس میں ان افراد کی ویکسینیشن میں سہولت کاری کرنا جو پہلے ویکسین لگوانے سے رہ گئے تھے

**اصل تفتیش کار:** Dr Sally Hargreaves (ڈاکٹر سیلی ہارگریوز)

*ہم آپ کو ایک تحقیقی مطالعہ میں حصہ لینے کے لیے مدعو کرنا چاہیں گے۔ اس سے پہلے کہ آپ فیصلہ کریں، ہم چاہیں گے کہ آپ سمجھ لیں کہ تحقیق کیوں کی جا رہی ہے اور اس میں آپ کے لیے کیا شامل ہو گا۔ براہِ کرم مندرجہ ذیل کو بغور پڑھنے کے لیے وقت لیں اور اگر آپ چاہیں تو دوسروں کے ساتھ اس پر تبادلۂ خیال کریں۔* ***ہم آپ کے ساتھ مل کر یہ معلوماتی پرچہ پڑھیں گے اور آپ کے کسی بھی سوالات کے جواب دیں گے۔*** *ہم تجویز کریں گے کہ اس میں تقریباً 10 منٹ لگنے چاہیئں۔*

*مریض کے معلوماتی پرچے کا حصہ 1 آپ کو اس مطالعہ کا مقصد بتاتا ہے اور یہ بتاتا ہے کہ اگر آپ حصہ لیں گے تو آپ کے ساتھ کیا ہو گا۔*

*حصہ 2 آپ کو مطالعہ کے انعقاد کے متعلق مزید تفصیلی معلومات فراہم کرتا ہے۔*

*اگر کوئی بات واضح نہیں ہے تو براہِ کرم ہم سے پوچھ لیں۔ آپ حصہ لینا چاہتے ہیں یا نہیں، یہ فیصلہ کرنے کے لیے وقت لیں۔*

**اس مطالعہ کا مقصد کیا ہے؟**

اس مطالعہ کا مقصد کسی بھی ایسے فرد کو رہ جانے والی ویکسین لگوانے کی پیشکش کرنا جو ہو سکتا ہے مکمل طور پر مامون نہ ہو (تمام ویکسینز نہ لگوائی ہوں)، اور ویکسینیشن، بنیادی نگہداشت اور COVID-19 کے ان کے تجربات پر عوام کے خیالات کو کھوجنا ہے۔ رہ جانے والی ویکسین کوئی بھی ایسی ویکسین ہے جو مجوزہ عمر کے بعد دی جائے، ایسی صورت میں کہ ویکسین دینے سے رہ گئی تھی یا اب مزید حفاظت کرنے والی نہیں ہے۔

ثبوت بتاتا ہے کہ UK میں، بالغ اور نوعمر افراد جو بیرونِ ملک پیدا ہوئے تھے ان کے اپنی تمام مجوزہ ویکسینز لگوانے کا امکان کم ہے۔ یہ غیر سفید فام نسلوں کے افراد کی صورت میں بھی ہو سکتا ہے، مگر اس وقت اس بات کا ثبوت محدود ہے۔

ہم یہ مطالعہ یہ جانچنے کے لیے کر رہے ہیں آیا کہ، بنیادی نگہداشت کی ٹیم کو مریض کی ویکسینیشن کی کیفیت کی پڑتال کرنے کی ترغیب دے کر، ہم ان افراد کی شناخت کرنے میں مدد کر سکتے ہیں جنہوں نے اپنی تمام مجوزہ ویکسینز نہیں لگوائی ہیں اور انہیں معمول کی نگہداشت کی طرف بھجوا سکتے ہیں، انہیں UK کی ترتیبِ کار کے ساتھ ہم آہنگ کرنے میں مدد دے کر ان کے ویکسین کے ساتھ قابلِ انسداد بیماریوں کے لگنے کے خطرے کو کم کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کی کوئی بھی ویکسینز لگوانے سے رہ گئی ہیں تو آپ کو آپ کے جی پی کی پریکٹس پر عملے کی جانب سے رہ جانے والی ویکسینز لگوانے کی پیشکش کی جائے گی۔ تاہم، اگر آپ اس مطالعہ میں حصہ نہیں لینا چاہتے تو یہ ویکسینز لگوانے کے لیے آپ کا مطالعہ میں حصہ لینا ضروری نہیں ہے۔

ہم ان لوگوں کی جانب سے رہ جانے والی ویکسینز پر خیالات کو سمجھنے کے لیے بعد میں ایک ذیلی مطالعہ بھی کر رہے ہیں جو حال ہی میں UK منتقل ہوئے ہیں اور سیاہ فام اور اقلیتی نسلی (BAME) گروہوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ ہم ان لوگوں کی ویکسینز تک رسائی میں اضافے کے لیے ویکسین لگوانے کے عمل پر عام آراء، بنیادی نگہداشت میں تجربات اور حکمتِ عملیوں کی چھان بین کر رہے ہیں جنہیں ان کی ضرورت ہے۔ ہم یہ چھان بین بھی کرنا چاہیں گے کہ UK کی آبادی کے مخصوص ارکان COVID-19 سے کیسے متاثر ہوئے ہیں۔

**مجھے کیوں مدعو کیا گیا ہے؟**

ہم 16 سال سے زائد عمر کے ان لوگوں کے تجربات کے متعلق جاننے میں دلچسپی رکھتے ہیں جو بیرونِ ملک پیدا ہوئے تھے اور حال ہی میں UK منتقل ہوئے ہیں یا جو UK میں پیدا ہوئے تھے اور BAME کے طور پر پہچانے جاتے ہیں۔ آپ کو اس لیے مدعو کیا گیا ہے کیونکہ آپ ان گروہوں میں سے کسی ایک کا حصہ ہو سکتے ہیں۔

**کیا مجھے حصہ لینا ہی پڑے گا؟**

شرکت رضاکارانہ ہے اور یہ فیصلہ کرنا آپ کے اوپر ہے آیا کہ حصہ لینا ہے یا نہیں۔ آپ پیروی کے لیے انٹرویو میں حصہ لیے بغیر مطالعہ کے پہلے حصے میں شرکت کر سکتے ہیں، یا اس کے برعکس بھی کر سکتے ہیں۔ اگر آپ چاہیں، تو آپ مطالعہ میں حصے لیے بغیر بھی اپنی رہ جانے والی ویکسینز لگوا سکتے ہیں۔ ہم مطالعہ کی وضاحت کریں گے اور اس معلوماتی پرچے کا مطالعہ کریں گے۔ اگر آپ حصہ لیتے ہیں، تو آپ کو یہ معلوماتی پرچہ رکھنے کے لیے دیا جائے گا اور ایک رضامندی فارم پر دستخط کرنے کو کہا جائے گا۔ آپ پھر بھی کسی بھی وقت بغیر کوئی وجہ بتائے دستبردار ہونے میں آزاد ہیں۔ کسی بھی وقت دستبردار ہونے یا حصہ نہ لینے کا فیصلہ اس نگہداشت کے معیار پر اثرانداز نہیں ہو گا جو آپ وصول کرتے ہیں۔

رضامندی کے فارم پر دستخط کرنے اور واپس بھیجنے کے متبادل کے طور پر آپ ٹیلی فون پر بھی اپنی رضامندی کا اظہار کر سکتے ہیں۔ اگر آپ ایسا کرنا چاہیں، تو رضامندی کا فارم آپ کو باآواز بلند پڑھ کر سنایا جائے گا۔ مطالعے میں شامل ہونے کے لیے آپ کو زبانی طور پر یہ تصدیق کرنے کی ضرورت ہو گی کہ آپ رضامندی کے فارم پر موجود تمام نکات سے رضامند ہیں۔ آپ کی قبولیت کے ساتھ آپ کا انٹرویو لینے والا شخص رضامندی کے فارم پر آپ کی طرف سے دستخط کرے گا اور فارم کی ایک مکمل کاپی آپ کو بذریعہ ای میل یا پوسٹ ارسال کر دی جائے گی۔

**اگر میں حصہ لوں تو میرے ساتھ کیا ہو گا؟**

حصہ لینے میں آپ کے متعلق اور آپ کے ویکسین لگوانے کے پس منظر کے متعلق چند سوالات پوچھنا شامل ہو گا، جو آپ کے نئے مریض کی صحت کے معائنے یا جی پی پریکٹس میں کسی اور ملاقات کے دوران ہو سکتا ہے۔ آپ اس تاریخ اور وقت کا انتخاب کر سکتے ہیں جو آپ کے لیے باسہولت ہو۔

پہلے، ہم آپ سے آپ کی نسل، قومیت، ویکسین لگوانے کے پس منظر اور ویکسین سے قابلِ انسداد بیماریوں جو آپ کو ہوئی ہو سکتی ہیں، کے کسی بھی پس منظر کے متعلق چند معیاری بنائے گئے سوالات پوچھیں گے۔ آپ کے جوابات پر منحصر، نرس آپ کو رہ جانے والی ویکسین لگوانے کی پیشکش کر سکتی ہے۔

یہ آپ پر ہے آیا کہ آپ ان ویکسینز کو لگوانے کی پیشکش قبول کرتے ہیں اور اگر آپ کی یہ خواہش ہے تو نرس آپ کو ایک ملاقات کا وقت لینے کے لیے بھجوائے گی۔

ہمارا منصوبہ آپ کے رضامندی دینے کے بعد 18 ماہ تک، اس بارے میں پیروی کا ڈیٹا جمع کرنے کا ہے آیا کہ آپ ویکسین (ویکسینز) لگوانا چاہتے ہیں، اور کتنی خوراکیں لگوانا چاہتے ہیں۔

پریکٹس کا عملہ آپ سے یہ بھی پوچھے گا کہ کیا آپ ہمارے ذیلی مطالعہ میں حصہ لینا چاہتے ہیں جس میں SGUL کے تحقیقاتی عملے کے ساتھ ٹیلی فون پر یا آن لائن، دیگر باتوں کے علاوہ بنیادی نگہداشت کے آپ کے تجربات اور ویکسین لگوانے پر آپ کی آراء کے بارے میں تبادلۂ خیال کرنا شامل ہو گا۔ اگر آپ ذیلی مطالعہ میں حصہ لینے میں دلچسپی رکھتے ہیں تو براہِ کرم رضامندی فارم پر اس کی نشاندہی کریں کہ آپ SGUL کی تحقیقاتی ٹیم کو آپ کی ذاتی رابطے کی تفصیلات فراہم کیے جانے سے خوش ہیں۔ پھر وہ آپ کی رضامندی اور حصہ لینے میں دلچسپی کی تصدیق کرنے کے لیے مزید معلومات کے ساتھ آپ سے رابطہ کریں گے۔

**اخراجات اور ادائیگیاں**

پہلے مطالعہ میں حصہ لینے کے لیے کوئی زرِ تلافی ادا نہیں کیا جائے گا، کیونکہ یہ معمول کی نگہداشت کا ایک حصہ ہے۔

اگر آپ اختیاری ذیلی مطالعہ (پیروی کے لیے انٹرویو) میں حصہ لینے کا انتخاب کرتے ہیں، تو آپ £20 کا ایک واؤچر وصول کرنے کے اہل ہوں گے، بطور آپ کے شرکت کرنے کا شکریہ اور آپ کے وقت کا معاوضہ۔ ہم بچے کی دیکھ بھال/معاونت کی کوئی بھی ضروری اخراجات بھی ادا کریں گے۔

**مجھے کیا کرنا پڑتا ہے؟**

اگر آپ مطالعہ کے پہلے حصے میں شرکت کرنے پر رضامند ہوتے ہیں، تو آپ کو نرس/محکمۂ صحت کے معاون کے ساتھ اپنی ملاقات کے دوران ہجرت کے پس منظر، نسل اور ویکسین لگوانے کے عمل کے بارے میں سوالات کے ایک مختصر سلسلے کا جواب دینا درکار ہو گا۔ یہ تمام معلومات سختی کے ساتھ صیغۂ راز میں رکھی جائیں گی۔

**حصہ لینے کے ممکنہ نقصانات اور خطرات کیا ہیں؟**

ہمیں حصہ لینے کے کسی بڑے نقصانات اور خطرات کی توقع نہیں ہے۔ اپنے ذاتی پس منظر یا تجربات پر تبادلۂ خیال کرنا بے آرام کرنے والا ہو سکتا ہے، لیکن ہم وقفہ لینے کے لیے کسی بھی مقام پر رک سکتے ہیں، یا اگر آپ کو محسوس ہو کہ آپ جاری نہیں رکھ سکتے تو آپ تشریف لے جا سکتے ہیں۔

**حصہ لینے کے ممکنہ فوائد کیا ہیں؟**

حصہ لینے کے ذریعے، آپ کو NHS پر معمول کے مطابق ویکسین لگوانے کی طرف بھجوایا جا سکتا ہے جو کہ مفت ہے اور آپ کو UK کی مامونیت کی ترتیبِ کار کے ساتھ ہم آہنگ بنانے میں مدد کرے گی اور ویکسین سے قابلِ انسداد بیماریاں لگنے کے خطرے کو کم کرے گا۔

UK میں تارکینِ وطن اور BAME آبادیوں کے لیے NHS پر ویکسین لگوانے تک رسائی کو بہتر بنانے کے مقصد سے اس تحقیق میں حصہ لینا آپ کو تسلی بخش لگ سکتا ہے۔ آپ خود اپنی اور اپنی برادری کی صحت کو بہتر بنانے میں فعال طور پر حصہ لینے کے قابل ہوں گے۔

**اگر کوئی مسئلہ ہے تو پھر؟**

اگر آپ کو کوئی بھی مسائل ہیں، تحقیق، یا یہ کیسے ہوتی ہے، کے متعلق کوئی تشویش ہے، تو براہِ کرم جی پی پریکٹس کے عملے (پریکٹس تفصیلات یہاں درج کرے) کے ایک رکن سے رابطہ کریں۔ اس بارے میں تفصیلی معلومات حصہ 2 میں دی گئی ہیں۔

**کیا میرے مطالعہ میں حصہ لینے کو صیغۂ راز میں رکھا جائے گا؟**

جی ہاں، ہم اخلاقی اور قانونی روایات کی پاسداری کریں گے اور آپ کے بارے میں تمام تر معلومات کو رازداری سے سنبھالا جائے گا۔ تفصیلات حصہ 2 میں شامل ہیں۔

حصہ 1 یہاں مکمل ہوتا ہے۔ اگر حصہ 1 میں دی گئی معلومات میں آپ کی دلچسپی پیدا ہوئی ہے اور آپ شرکت کرنے پر غور کر رہے ہیں، تو براہِ کرم فیصلہ کرنے سے پہلے حصہ 2 میں دی گئی اضافی معلومات کا مطالعہ کریں۔

**حصہ 2**

**اگر میں اس مطالعہ کو جاری نہ رکھنا چاہوں تو کیا ہو گا؟**

آپ کسی بھی وقت اپنی رضامندی سے دستبردار ہو سکتے ہیں، حتیٰ کہ ملاقات کے دوران بھی۔

اگر آپ کی خواہش ہوئی، تو ہم نے آپ کی مشاورت سے جو بھی ریکارڈز یا یادداشتیں لی ہیں انہیں تلف کر دیں گے، بشرطیکہ ڈیٹا کا تجزیہ ابھی شروع نہ ہوا ہو۔

جہاں رضامندی سے دستبرداری تجزیہ شروع ہونے اور/یا ہمارے رپورٹیں ختم کرنے کے بعد کی گئی ہو، ہم تحقیقاتی ڈیٹا کو تلف کرنے سے قاصر ہوں گے جو ہم نے اس وقت تک جمع کیا ہے۔

**اگر کوئی مسئلہ ہے تو پھر؟**
**شکایات:**
اس مطالعہ کے عرصے کے دوران آپ کے ساتھ جس طریقے سے پیش آیا گیا ہے اس کے کسی بھی پہلو کے متعلق اگر آپ شکایت کرنا چاہتے ہیں یا آپ کو کوئی تشویش ہے تو پھر آپ اپنی پریکٹس پر موجود عملے سے بات کر سکتے ہیں جو آپ کے سوالات یا تشویشوں کا جواب دینے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ آپ اپنی مقامی Patient Advice and Liaison Service (مریض کی مشورے اور شناسائی کی خدمت) (پریکٹس تفصیلات درج کرے) سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ رابطے کی یہ تفصیلات اس فارم کے آخر میں فراہم کی گئی ہیں۔
National Health Service (قومی محکمۂ صحت) کے شکایات کے معمول کے نظام بھی آپ کے لیے دستیاب ہیں۔

**نقصان:**
**St George's University of London کی زیرِ کفالت تحقیق:**
St Georges, University of London نے اتفاق کیا ہے کہ اگر مطالعہ میں آپ کی شرکت کے نتیجے میں آپ کو نقصان پہنچتا ہے، تو آپ کو معاوضہ ادا کیا جائے گا، بشرطیکہ، احتمالات کے توازن پر، ایک چوٹ مداخلت کے براہِ راست نتیجے میں یا مطالعہ کے عرصے کے دوران آپ کے ساتھ جو کام کیے گئے تھے ان کے نتیجے میں لگی تھی۔ معاوضہ ادا کرنے کے ان خصوصی انتظامات کا اطلاق وہاں ہوتا ہے جہاں ایک ایسی چوٹ لگی ہو جو اگر آپ آزمائش میں نہ ہوتے تو آپ کو نہ لگتی۔ ہم معاوضہ ادا کرنے کے پابند نہیں ہوں گے جہاں: -چوٹ آزمائش کے پروٹوکول سے باہر کی ایک دوا یا عمل کے نتیجے میں لگی ہو اور/یا - پروٹوکول پر عمل نہیں کیا گیا تھا۔ یہ انتظامات آپ کے ایک قانونی کارروائی کے ذریعے ایک دعویٰ کرنے کے حق پر اثرانداز نہیں ہوتے۔

**کیا میرے مطالعہ میں حصہ لینے کو صیغۂ راز میں رکھا جائے گا؟**
ہم آپ کی رازداری کو سنجیدگی سے لیتے ہیں، اور اس طرح ڈیٹا میں آپ کے متعلق کوئی بھی ایسی قابلِ شناخت معلومات استعمال نہیں کریں گے جو ہم اپنے تجزیئے کے لیے استعمال کرتے ہیں (مثلاً آپ کا نام، پتہ)۔

ہم آپ کی رابطے کی تفصیلات پوچھ سکتے ہیں تاکہ ہم آپ کو تحقیق اور نتائج سے باخبر رکھ سکیں اور پیروی کے لیے ایک انٹرویو (اگر آپ متفق ہیں تو) کے لیے رابطے میں رہ سکیں۔ تاہم، اگر نہ چاہیں تو یہ تفصیلات دینا آپ کے لیے ضروری نہیں ہے۔

اپنے پورے کام کے دوران ہم Data Protection Act 2018، اور General Data Protection Regulations (GDPR) کے تقاضوں کی تعمیل کریں گے۔

آپ کے انفرادی ریکارڈز/یادداشتوں کا تبادلہ جی پی پریکٹس سے باہر نہیں کیا جائے گا، اور تحقیقاتی ٹیم کے ساتھ تبادلے سے قبل آپ کے ڈیٹا کو ناقابلِ شناخت اور مکمل طور پر گمنام بنایا جائے گا۔

**ہم آپ کے متعلق معلومات کو کیسے استعمال کریں گے؟**
ہمیں آپ کی جانب سے فراہم کردہ معلومات اس تحقیقی منصوبے کے لیے استعمال کرنے کی ضرورت ہو گی۔ اس معلومات میں شامل ہوں گے آپ کا پیدائش کا ملک، نسل، عمر، UK میں گزرا وقت، نقل مکانی کی وجہ، ویکسین کے ذریعے قابلِ انسداد بیماریوں کا پس منظر، ویکسین لگوانے کا پس منظر اور مطالعہ کے ذریعے آپ کون سی ویکسینز لگواتے ہیں۔ لوگ اس معلومات کو تحقیق کرنے کے لیے یا یہ یقینی بنانے کے لیے آپ کے ریکارڈز کی پڑتال کرنے کے لیے استعمال کریں گے کہ تحقیق موزوں طریقے سے کی جا رہی ہے۔

وہ لوگ جنہیں یہ جاننے کی ضرورت نہیں ہے کہ آپ کون ہیں وہ آپ کا نام یا رابطے کی تفصیلات دیکھنے کے قابل نہیں ہوں گے۔ اس کی بجائے آپ کے ڈیٹا کا ایک کوڈ نمبر ہو گا۔

ہم آپ کے متعلق تمام معلومات کو صحیح سلامت اور محفوظ رکھیں گے۔

جب ہم مطالعہ مکمل کر لیں گے، ہم کچھ ڈیٹا اپنے پاس رکھیں گے تاکہ نتائج کی پڑتال کر سکیں۔ ہم اپنی رپورٹیں اس طریقے سے لکھیں گے کہ کوئی پتہ نہ چلا سکے کہ آپ نے اس مطالعہ میں حصہ لیا تھا۔

**آپ کی معلومات کو کیسے استعمال کیا جاتا ہے اس بارے میں آپ کے انتخاب کیا ہیں؟**
آپ کسی بھی وقت، بغیر کوئی وجہ بتائے، مطالعہ کا حصہ بننا بند کر سکتے ہیں، لیکن ہم آپ کے متعلق وہ معلومات رکھیں گے جو ہمارے پاس پہلے سے ہیں۔

اگر آپ اس مطالعہ میں حصہ لینے پر متفق ہیں، تو آپ کے پاس اس مطالعہ میں محفوظ کردہ ڈیٹا کو استعمال کرتے ہوئے مستقبل کی تحقیق میں حصہ لینے کا اختیار ہو گا۔

تحقیق کے قابلِ بھروسہ ہونے کے لیے ہمیں آپ کے ریکارڈز کا انتظام مخصوص طریقے سے کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کے متعلق ہمارے پاس جو ڈیٹا ہے ہم آپ کو اسے دیکھنے یا تبدیل کرنے دینے کے قابل نہیں ہوں گے۔

اگر آپ اس مطالعہ میں حصہ لینے پر متفق ہیں، تو آپ کے پاس اس مطالعہ میں محفوظ کردہ ڈیٹا کو استعمال کرتے ہوئے مستقبل کی تحقیق میں حصہ لینے کا اختیار ہو گا۔

**آپ کی معلومات کو کیسے استعمال کیا جاتا ہے اس بارے میں آپ مزید کیسے جان سکتے ہیں؟**
ہم آپ کی معلومات کیسے استعمال کرتے ہیں اس بارے میں آپ مزید جان سکتے ہیں:

https://www.sgul.ac.uk/privacy

NHS تحقیقی ڈیٹا کو کیسے استعمال کرتا ہے اس پر عمومی معلومات کے لیے براہِ کرم https://www.hra.nhs.uk/information-about-patients/ پر جائیں۔

**تحقیقی مطالعہ کے نتائج کے ساتھ کیا ہو گا؟**

UK میں تارکینِ وطن اور BAME گروہوں میں ویکسین کی کوریج اور فہم کی ایک وسیع تر تصویر پیش کرنے کے لیے نتائج کو دیگر شرکاء کے ڈیٹا کے ساتھ ملایا جائے گا۔

نتائج شائع کیے جا سکتے ہیں اور علمی جرائد اور مقابلوں میں ان کا اشتراک کیا جا سکتا ہے۔ یہ بیشتر تحقیق کا اشتراک کرنے کے لیے ایک عام روایت ہے۔

ہمیں کیا پتہ چلا ہے اس بارے میں براہِ راست آپ کو دینے کے لیے ہم ایک رپورٹ بھی تیار کریں گے اور ایک فرضی ملاقات (دور سے، بذریعہ ویڈیو کانفرنس) کریں گے تاکہ اپنے نتائج ان لوگوں کو پیش کریں اور ان کے ساتھ تبادلۂ خیال کریں جو اس میں شامل تھے، بشرطیکہ وہ اس ملاقات میں شامل ہونے کے خواہش مند ہوں۔

آپ کی اجازت سے ہم آپ کا گمنام بنایا گیا ڈیٹا مستقبل کی تحقیق میں استعمال کر سکتے ہیں یا مستقبل کے تحقیقی مواقع کے بارے میں آپ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

**تحقیق کو کون منظم کر رہا ہے اور اس کے لیے پیسے کون دے رہا ہے؟**

مطالعہ کا اہتمام اور کفالت St George's, University of London کی جانب سے کیے جا رہے ہیں۔

تحقیق کے لیے پیسے (National Institute of Health Research) NIHR، ایک سرکاری ادارہ جو طبی اور صحت کے متعلق تحقیق کے لیے سرمایہ اور معاونت فراہم کرتا ہے، نے فراہم کیے ہیں۔

**مطالعہ کا جائزہ کس نے لیا ہے؟**

آپ کے مفادات کے تحفظ کے لیے، NHS میں ہونے والی تمام تر تحقیق کو لوگوں کے ایک آزاد گروہ کی جانب سے دیکھا جاتا ہے، جو Research Ethics Committee (REC) کہلاتا ہے۔ اس مطالعہ کا Yorkshire & the Humber – South Yorkshire Research Ethics Committee کی جانب سے جائزہ لیا گیا ہے اور موافق رائے دی گئی ہے۔

**مزید معلومات اور رابطے کی تفصیلات**

**عمومی معلومات**

**میں UK میں ویکسینیشن کے متعلق مزید کیسے جان سکتا/سکتی ہوں؟**

- اگر آپ UK میں ویکسین لگانے کے متعلق مزید جاننے میں دلچسپی رکھتے ہیں، تو NHS کی رہنماء ہدایات یہاں مل سکتی ہیں: https://www.nhs.uk/conditions/vaccinations/nhs-vaccinations-and-when-to-have-them/

**رابطے کی تفصیلات**

اگر آپ کے تحقیق یا اس تحقیقاتی منصوبے کے متعلق کوئی سوالات ہیں، یا کسی بھی مقام پر آپ مطالعہ سے ناخوش ہوتے ہیں، تو براہِ کرم ذیل میں نامزد کردہ افراد سے رابطہ کریں۔

**مقامی تحقیقاتی ٹیم سے رابطے کی تفصیلات**

**Local research team contact details**

Name: Desiree Fyle

Email: noclor.norththamescrn@nhs.net Please write "Vacc on Track" in the subject line; Tel: 020 3317 5707

**ڈیٹا کی شفافیت کی معلومات**

St George's University of London اس مطالعہ کی کفیل ہے جو United Kingdom میں واقع ہے۔ ہم آپ سے ملنے والی معلومات اور/یا آپ کے طبی ریکارڈز کو یہ مطالعہ انجام دینے کے لیے استعمال کریں گے اور اس مطالعہ کے لیے ڈیٹا کنٹرولر کے طور پر کام کریں گے۔ اس کا مطلب ہے کہ ہم آپ کی معلومات کی دیکھ بھال کرنے اور اسے موزوں طریقے سے استعمال کرنے کے لیے ذمہ دار ہیں۔St George's University of London مطالعہ کے مقصد کے لیے جمع کی گئی معلومات کو مطالعہ ختم ہونے کے 5 سال تک کے عرصے کے لیے رکھ سکتی ہے۔ یہ عمل نتائج کی سالمیت کو یقینی بنانے کے لیے ہے۔ تمام تر ڈیٹا ایک محفوظ طریقے سے ذخیرہ کیا جائے گا۔

مزید برآں،

- St George's University of London ہماری ہدایات کے مطابق اس تحقیقی مطالعہ کے لیے آپ سے معلومات جمع کرے گی۔
- St George's University of London آپ کا نام، رابطے کی تفصیلات اور شاخت کرنے والی دیگر معلومات کو صیغۂ راز میں رکھے گی اور یہ معلومات آگے نہیں پہنچائے گی۔
- St George's University of London ان معلومات کو حسبِ ضرورت، تحقیقی مطالعہ کے متعلق آپ سے رابطہ کرنے، اور مطالعہ کے معیار کی نگرانی کرنے کے لیے استعمال کرے گی۔
- St George's University of London سے تعلق رکھنے والے مخصوص افراد، St George's University of London اور ریگولیٹری تنظیمیں تحقیقی مطالعہ کی درستگی کی پڑتال کرنے کے لیے آپ کے تحقیقی ریکارڈ پر نظر ڈال سکتی ہیں۔
- St George's University of London کو معلومات کسی بھی شناخت کرنے والی معلومات کے بغیر موصول ہوں گی۔ جو لوگ معلومات کا تجزیہ کرتے ہیں وہ آپ کو شناخت کرنے کے قابل نہیں ہوں گے اور آپ کا نام معلوم کرنے، معلومات یا رابطے کی تفصیلات کی شناخت کرنے کے قابل نہیں ہوں گے۔

اگر آپ کو ڈیٹا کے تحفظ کے معاملے میں مزید مدد یا مشورے کی ضرورت ہے، تو براہِ کرم اپنا سوال St George's University of London کی ڈیٹا کے تحفظ کی ٹیم کو ای میل کریں۔

**ڈیٹا کے تحفظ کے افسر سے رابطے کی تفصیلات:**

ای میل: dataprotection@sgul.ac.uk